# ضوابط کی تشریح

## ماڈیول نمبر۱

### Appropriate Level of Protection (ALOP)

### موزوں سطحِ تحفظ

ایس پی ایس معاہدہ رکن ملک کی طرف سے اپنے علاقے میں انسان، حیوان یا پودوں کی زندگی یا صحت کی حفاظت کے لئے موزوں سمجھی جانے والی حفاظت کی سطح کی وضاحت حفظان صحت اور نباتاتی حفظان صحت کی موزوں سطح کے طور پر کرتا ہے۔ یہ تصور خطرے کی قابل قبول سطح کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ (ماخذ: ایس پی ایس معاہدہ)

### Bilateral Agreement

### باہمی معاہدہ

یہ دو فریقین کے درمیان باہمی رضامندی سے قابل قبول شرائط پر کیا جانے والا ایک معاہدہ ہے۔

### Bound Quotas

### پابند کوٹہ

کسی خاص مصنوعات کی ایک محدود مقدار جو سرکاری کنٹرول میں پیدا، برآمد یا درآمد کی جاسکتی ہے۔

### Bound Tariffs

### پابند محصولات

اس بات کی پابندی کہ ایک متفقہ سطح سے زیادہ شرح سے ڈیوٹی نہیں بڑھائی جائے گی۔ جب ایک بار ڈیوٹی طے کردی جائے تو متاثرہ فریقین کو زرتلافی کی ادائیگی کئے بغیر اس میں اضافہ نہیں کیا جائے گا۔ (ماخذ: ڈبلیوٹی او)

### Capacity Building

### استعدادی تعمیر

ترقیاتی نوعیت کا ایک تصوراتی طرز عمل جو لوگوں، حکومتوں، بین الاقوامی تنظیموں اور غیرسرکاری تنظیموں کو ان کے ترقیاتی اہداف حاصل کرنے میں حائل رکاوٹوں کو سمجھنے اور ان کی استعداد بڑھا کر انہیں قابل پیما اور پائیدار نتائج کے حصول میں مدد دیتا ہے۔

### Agreement on Agriculture (AoA)

### معاہدہ برائے زراعت

یہ معاہدہ 1986 سے 1994 تک یورا گوئے مذاکرات کے دوران طے پایا۔ یہ منصفانہ مقابلے اور کم بگاڑ والے شعبے کی جانب پہلا نمایاں قدم تھا۔ عالمی تجارتی تنظیم ڈبلیوٹی او کے رکن ملکوں کی حکومتیں زرعی شعبے میں مارکیٹ تک رسائی بہتر بنانے اور زرعی تجارت میں بگاڑ کا موجب بننے والی رعائتیں کم کرنے پر متفق ہو گئیں۔ عام طور پر یہ وعدے چھ سال کی مدت تک مرحلہ وار کئے گئے جس کا آغاز 1995 سے ہوا۔ ترقی پذیر ملکوں کے لیے یہ مدت دس سال تھی۔ (ماخذ: ڈبلیوٹی او)

### Agreement on the Application of Sanitary and Phytosanitary Measures (SPS Agreement)

### حفظان صحت اور نباتاتی حفظان صحت کی تدابیر کے اطلاق کا معاہدہ

یہ معاہدہ غذائی تحفظ اور حیوانی اور نباتاتی صحت افزائی کے معیارات کے لیے بنیادی ضابطوں کا تعین کرتا ہے۔ یہ یکم جنوری 1995 سے نافذ العمل ہے۔

### Animal & Plant Health Inspection Service (APHIS)

### حیوانی ونباتاتی صحت کے معائنہ کی خدمات

امریکہ کے زرعی وسائل کو کیڑوں اور بیماریوں سے بچانے، جنگلی حیات کو پہنچنے والے نقصان میں کمی لانے، جنیاتی انجیئرنگ سے پیوندکاری کو باضابطہ بنانے اور جنگلی حیات کی بہبود کے قانون پر عمل درآمد کے حوالے سے قوم کی غذائی فراہمی میں اس کا کردار نہایت اہم ہے۔ اے پی ایچ آئی ایس پروگرام پودوں اور جانوروں میں بیماریوں پر نظر رکھنے، وبائی امراض، ہنگامی اقدامات اور معلومات کی ترسیل میں ربط لاتا ہے تاکہ امریکی زرعی مصنوعات کی مارکیٹ تک رسائی کو یقینی بنایا جا سکے۔ یہ جانوروں اور پودوں کی صحت سے متعلق تجارتی معاملات سے متعلق مسائل کو حل کرنے اور انتظام کرنے کے لیے بھی کام کرتا ہے۔ (ماخذ: یو ایس ڈی اے)

### Appellate Body

### اپیل سننے والا ادارہ

عالمی تجارتی تنظیم کے تنازعات کے سلسلے میں اپیلوں پر غور کے لیے یہ ایک سات رکنی آزاد ادارہ ہے۔ جب ایک یا اس سے زائد فریق کسی تنازع میں اپیل کریں تو یہ ادارہ پینل رپورٹوں کے نتائج کا جائزہ لیتا ہے۔ (ماخذ: ڈبلیوٹی او)

## Customs Unions
### محصولی اتحاد
ارکان ایک مشترکہ بیرونی محصول کا اطلاق کرتے ہیں [مثلاً یورپی یونین] (ماخذ: ڈبلیوٹی او)

## Developing Countries
### ترقی پذیر ممالک
(کم ترقی کے حامل ملکوں کے طور پر بھی جانے جاتے ہیں)۔ عالمی تجارتی تنظیم اُن ملکوں کو کم ترقی کے حامل ملکوں (ایل ڈی سی) کے طور تسلیم کرتی ہے جن کو اقوام متحدہ نے اِس درجہ بندی میں رکھا ہے۔

## Dispute
### تنازع
تنازع اس وقت پیدا ہوتا ہے جب ایک رکن ملک کی حکومت یہ سمجھتی ہے کہ کوئی دوسرا رکن عالمی تجارتی تنظیم میں کئے گئے کسی معاہدے یا وعدے کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ ان معاہدوں کی خالق خود رکن حکومتیں ہی ہوتی ہیں کیونکہ یہ معاہدے ان رکن ملکوں کے مذاکرات کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ (ماخذ: ڈبلیوٹی او)

## Dispute Settlement
### تنازعات کا تصفیہ
ایک ایسا نظام جس میں رکن ممالک متفق ہوتے ہیں کہ اگر فریق ممالک نے عالمی تجارتی تنظیم کی خلاف ورزی کی تو وہ یک طرفہ کارروائی کی بجائے ایک کثیر جہتی نظام کے تحت تنازعات طے کریں گے۔ اس نظام میں ڈبلیوٹی او کے تسلیم شدہ طریقہء کار اور بنیادی طور پر تنازعات کا تصفیہ کرنے والے ادارے کے فیصلوں کا لازمی احترام شامل ہے۔ (ماخذ: ڈی ایس بی)

## Dispute Settlement Body (DSB)
### تنازعات کا تصفیہ کرنے والا ادارہ
یہ ادارہ تمام رکن ملکوں پر مشتمل ہے۔ جس میں عام طور پر سفیر یا مساوی عہدیدار جو تجارتی تنازع حل کرنے کے لیے ملاقات کرتے ہیں۔ (ماخذ: ڈبلیوایچ او)

## Certification
### شہادت یا تصدیق
ایک سرکاری دستاویز جس میں نباتاتی حفظان صحت کے قوعدوضوابط سے متاثرہ کسی کھیپ کی نباتاتی حفظان صحت کے درجہ یا حیثیت کی تصدیق کی جائے۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

## Code Commission
### ضابطہء اخلاق کمیشن
یہ کمیشن ارضی حیواناتی صحت کا ضابطہء اخلاق (ارضی ضابطہء اخلاق) میں موجودہ سائنسی معلومات کی عکاسی کو یقینی بنانے کا ذمہ دار ہے۔ ارضی ضابطہء اخلاق ارضی جانوروں اور ان کی مصنوعات کے تجارتی معیارات پر مشتمل ہوتا ہے۔

## Codex Alimentarius (Codex)
### غذا بخش ضابطوں کا مجموعہ
بین الاقوامی غذائی تجارت میں تحفظ، معیار اور شفافیت کو فروغ دینے کے لیے بین الاقوامی غذائی معیارات، رہنما اصول اور ضوابط کا مجموعہ۔

## Codex Alimentarius Commission
### غذا بخش ضابطوں کے مجموعے کا کمیشن
ادارہ خوراک وزراعت اور عالمی ادارہ صحت کا کمیشن جو غذائی تحفظ کے بین الاقوامی معیارات سے نمٹتا ہے۔ (ماخذ: ڈبلیوایچ او)

## Commission on Phytosanitary Measures (CPM)
### نباتاتی حفظانِ صحت کے اقدامات کا کمیشن
اس کمیشن کے ارکان آئی پی پی سی کے فریقِ معاہدہ ہیں اور جو معیارات کی ترقی، معلومات کے تبادلوں اور استعداد بڑھانے کے عملی پروگرام پر عمل درآمد کے ذمہ دار ہیں۔

**Efficacy**

**اثر انگیزی**

ایک واضح کیا گیا، قابل پیائش اور دوبارہ پیدا کیا جا سکنے والا اثر۔ جو کہ مجوزہ علاج سے حاصل ہو۔(ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

**Enquiry Point**

**مرکزِ معلومات**

کسی رکن حکومت میں ایک نامزد اہلکار یا دفتر جہاں تجارت میں حائل تکنیکی رکاوٹوں یا حفظانِ صحت/نباتاتی حفظانِ صحت کی تدابیر جیسے موضوعات کے حوالے سے عالمی تجارتی تنظیم کے دیگر رکن ملکوں اور عام لوگوں کے سوالات کو نمٹایا جاتا ہو۔(ماخذ: ڈبلیوٹی او)

**Equivalence**

**مساوات**

حفظانِ صحت اور نباتاتی حفظانِ صحت کی تدابیر (ایس پی ایس) کے سلسلے میں حکومتیں دوسرے رکن ملکوں کی تدابیر کو قابل قبول تسلیم کرتی ہیں چاہے یہ تدابیر ان کی تدابیر سے مختلف ہی کیوں نہ ہوں؛ جب تک کہ سب کو تحفظ کی مساوی سطح فراہم کی جائے۔(ماخذ: ڈبلیوٹی او)

**Food and Agriculture Organization (FAO)**

**ادارہءِ خوراک وزراعت**

ادارہ ءِ خوراک وزراعت کی کوششوں میں سب کے لئے غذائی تحفظ کے حصول کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ جس میں اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ عوام کو اعلیٰ معیار کی خوراک تک مسلسل رسائی حاصل رہے تا کہ وہ صحت مند اور فعال زندگی گزار سکیں۔(ماخذ: ایف اے او)

**Foreign Agriculture Service (FAS)**

**بیرونی زرعی خدمات (ایف اے ایس)**

یہ ادارہ امریکی مصنوعات کی بیرونی منڈیوں تک رسائی بڑھانے کے لیے کام کرتا ہے اور منڈیوں کی ترقی اور برآمدات کے لیے مالی اعانت کے پروگراموں کا انتظام کرتا ہے۔ ایف اے ایس امریکی خوراک اور زرعی مصنوعات کے امریکی برآمد کنندگان کے لئے بیرونی منڈیوں کی نمو اور برقرار رکھنے میں مدد کرتا ہے۔ یہ ادارہ ترقی پذیر ملکوں کو اپنے زرعی نظاموں میں بہتری اور اپنی تجارتی استعداد بڑھانے میں بھی مدد فراہم کرتا ہے۔

**Free Trade Agreements (FTAs)**

**آزاد تجارت کا معاہدہ**

دو یا اس سے زائد ممالک کے درمیان ایک ایسا معاہدہ جس کے تحت وہ اپنی کہ سرحد پر آزاد تجارتی علاقہ قائم کرتے ہیں جہاں سامان اور خدمات کا لین دین بغیر کسی محصول اور رکاوٹ کے ہوتا ہے۔

**Free Trade Areas**

**آزاد تجارتی علاقہ**

گروپ کے اندر تجارت ڈیوٹی فری ہوتی ہے تاہم رکن ممالک غیر رکن ملکوں سے درآمدات پر اپنے متعین کردہ محصولات وصول کرتے ہیں۔[مثلاً این اے ایف ٹی اے]،(ماخذ: ڈبلیوٹی او)

**General Agreement on Tariffs and Trade (GATT)**

**محصولات وتجارت کا عمومی سمجھوتہ (گیٹ)**

اس سمجھوتہ پر دوسری جنگ عظیم کے بعد سے عمل درآمد کیا گیا تا کہ عالمی تجارت کو مزید با ضابطہ بنانے اور معاشی بحالی کے لیے امداد دی جا سکے۔ گیٹ کا بنیادی مقصد محصولات، کوٹے اور رعایتوں میں کمی لاتے ہوئے بین الاقوامی تجارت میں حائل رکاوٹیں کم کی جائیں۔ عالمی تجارتی تنظیم کے ایس پی ایس معاہدہ نے 1995 میں گیٹ کی جگہ لی۔

**General Session**

**عمومی اجلاس**

او آئی ای کا اعلیٰ ترین اختیار جو رکن ملکوں کے وفود پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس اسمبلی کا ایک اجلاس ہر سال مئی میں عمومی اجلاس کے دوران ہوتا ہے(ماخذ: او آئی ای)

**Germplasm**

**جرم مایہ**

پودے جن کو افزائش نسل یا تحفظ کے پروگراموں میں استعمال کا ارادہ ہو۔

**Harmonization (harmonize)**

**ہم آہنگی**

مختلف ممالک کی جانب سے مشترکہ معیارات کی بنیاد پر نباتاتی حفظانِ صحت کی تدابیر کا قیام، تسلیم کرنا اور اطلاق کرنا۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

**Import Quotas**(Tariff Quotas)

**درآمدی کوٹہ جات (شرح محاصل کوٹہ)**

درآمدی اشیا پر جو کہ کوٹہ کی مقدار کے اندر ہیں، کم شرح سے ڈیوٹی عائد کی جائے بہ نسبت اُس مقدار پر جو کہ کوٹہ کی مقدار سے زیادہ ہوں۔(جن پر شرح ڈیوٹی زیادہ ہو سکتی ہے۔) (ماخذ: ڈبلیوٹی او)

**Inter Alia**

**دیگر اُمور کے ساتھ ساتھ**

لاطینی زبان میں یہ لفظ ''دوسری باتوں کے درمیان'' کے لیے ہے۔ یہ جملہ اکثر قانونی ساعتوں اور تحریروں میں کئی امکانات میں سے ایک مثال کی وضاحت کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

**International Plant Protection Convention (IPPC)**

**بین الاقوامی کنونشن برائے تحفظ نباتات**

نباتات کی صحت کا بین الاقوامی سمجھوتہ جس کا مقصد کاشت شدہ اور خودرو پودوں کو ضرر ساں جانداروں کے داخلہ اور پھیلاؤ سے بچاتے ہوئے تحفظ کرنا ہے۔

**International Services (IS)**

**بین الاقوامی خدمات**

یہ ادارہ بین الاقوامی طور پر موجود حیوانی اور نباتاتی صحت کی مہارتوں کے ذریعے اے پی ایچ آئی ایس کے بین الاقوامی وفد کی امریکی زرعی صحت کے تحفظ اور ترویج میں مدد کرتا ہے۔

**International Standards**

**بین الاقوامی معیارات**

آئی پی پی سی کے آرٹیکل 10 کے پیراگراف ایک اور دو کے عین مطابق قائم کئے گئے بین الاقوامی معیارات۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم۔۵)

**(International Standards for Phytosanitary Measures (ISPM)**

**نباتاتی حفظانِ صحت کی تدابیر کے لئے بین الاقوامی معیارات**

حفظانِ صحت اور نباتاتی حفظانِ صحت کی تدابیر کے اطلاق کے معاہدے کے تحت عالمی تجارتی تنظیم کے ارکان معیارات، رہنما اصولوں اور سفارشات کو نباتاتی حفظانِ صحت کی تدابیر کی بنیاد تسلیم کرتے ہیں۔ (ماخذ: آئی پی پی سی)

**Invasive Alien Species**

**حملہ آور اجنبی انواع**

انواع جن کے گذشتہ یا موجودہ قدرتی تقسیم کے باہر داخلہ اور یا پھیلاؤ سے حیاتیاتی تنوع کو خطرہ ہو۔

**IPPC Secretariat**

**بین الاقوامی تحفظ نباتات کنونشن سیکریٹریٹ**

اس سیکریٹریٹ پر آئی پی پی سی کے عملی پروگرام جس میں معیارات کے تعین، معلومات کے تبادلہ اور تکنیکی معاونت شامل ہیں، میں رابطہ کاری کی ذمہ داری عائد ہے۔

**Laboratories Commission**

**لیبارٹریز کمیشن**

یہ کمیشن او آئی ای کی فہرست میں شامل ممالیہ جانوروں، پرندوں اور شہد کی مکھیوں کی بیماریوں کے لیے بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ معیارات برائے لیبارٹری تشخیصی ٹیسٹس اور ویکسینز کی ترقی کا ذمہ دار ہے۔ (ماخذ: او آئی ای)

**Living Modified Organism (LMO)**

**زندہ تغیر شدہ عضویہ**

کوئی بھی جاندار عضویہ جو جدید بایوٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے حاصل کردہ جنیاتی مواد کے اختراعی اشتراک کا حامل ہو۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

**Measures**

**تدابیر**

دیکھئے نباتاتی حفظانِ صحت کی تدابیر

**Mitigate**

**تخفیف کرنا**

طاقت یا شدت کو معتدل کرنا (معیار یا حالت)؛ ختم کرنا

**Most-Favored Nation Rule (MFN)**

**پسندیدہ ترین قوم قرار دینے کا ضابطہ**

پسندیدہ ترین ملک کا سلوک (گیٹ آرٹیکل I، گیٹس آرٹیکل II- اور TRIPS آرٹیکل 4) اپنے تجارتی شراکت داروں کے ساتھ امتیازی سلوک نہ کرنے کا اصول۔ (ماخذ: ڈبلیو ٹی او)

**Multilateral Trade Agreement**

**کثیر جہتی تجارتی سمجھوتہ**

کئی اقوام کے درمیان ایک ہی وقت میں سمجھوتہ۔ اسی وجہ سے ایسے سمجھوتے کے فریقین میں مذاکرات بہت پیچیدہ ہوتے ہیں۔ تاہم جب ایک بار سمجھوتے پر دستخط کر دیتے ہیں تو یہ سمجھوتے طاقت ور ہوتے ہیں۔ کثیر جہتی سمجھوتوں کا بنیادی فائدہ یہ ہے کہ تمام قوموں سے یکساں سلوک کیا جاتا ہے اور اس لئے غریب اقوام جو فطری طور پر مقابلے کی کم سکت رکھتی ہیں اُن کو بھی ایسے سمجھوتوں سے فائدہ پہنچتا ہے۔

درآمد یا جس کا مقصد ضرررساں جانداروں کا خاتمہ یا قرنطینہ یا غیر قرنطینی ضرررساں جانداروں حدود میں رکھنے کا انتظام کرنا ہے۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

### Organization for Animal Health (OIE)

### ادارہ برائے صحتِ حیوانات

ایک بین الحکومتی تنظیم جسے ڈبلیو ٹی او نے تسلیم کیا ہے اور دنیا بھر میں حیوانات کی صحت بہتر بنانے کا ذمہ دار ہے۔

### Pest Free Area

### ضرررساں جانداروں سے پاک علاقہ

ایسا علاقہ جہاں ایک مخصوص قسم کے ضرررساں جاندار نہ واقع ہوں، جیسا کہ سائنسی ثبوتوں سے ظاہر ہو، اور وہاں، جہاں تک مناسب ہو، اسی حالت کو سرکاری طور پر برقرار رکھا جاتا ہو۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

### Pest Free Place of Production

### ضرررساں جانداروں سے پاک پیداواری مقام

ایسا پیداواری مقام جہاں ایک مخصوص قسم کے ضرررساں جاندار نہ واقع ہوں جیسا کہ سائنسی ثبوتوں سے ظاہر ہو، اور وہاں، جہاں تک مناسب ہو، اسی حالت کو سرکاری طور پر ایک معین کی گئی مدت کے لیے برقرار رکھا جاتا ہو۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

### Pest Free Production Sites

### ضرررساں جانداروں سے پاک پیداواری جگہ

ایسی معین کی گئی پیداواری جگہ کا حصہ جہاں ایک مخصوص قسم کے ضرررساں جاندار واقع نہ ہوں جیسا کہ سائنسی ثبوتوں سے ظاہر ہو، اور وہاں، جہاں تک مناسب ہو، اسی حالت کو سرکاری طور پر ایک معین کی گئی مدت کے لیے برقرار رکھا جاتا ہو اور ایک الگ اکائی کے طور اِس کا اسی طرح انتظام کیا جاتا ہو جیسے کہ ضرررساں جانداروں سے پاک پیداواری مقام کا کیا جاتا ہے۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

### Pest Risk Assessment

### ضرررساں جانداروں کے خطرات کا تعین

ضرررساں جانداروں کے داخلہ اور پھیلاؤ کے امکانات اور اس سے لاحق ممکنہ معاشی نقصانات کے حجم کا تعین کرنا۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

### National Measures

### قومی تدابیر

کسی ملک کے حفظانِ صحت یا نباتاتی حفظانِ صحت سے متعلق معیارات۔

### National Notification Authority

### قومی اختیاراتی تحریر نامہ

ایک واحد مرکزی حکومتی اتھارٹی جو قومی سطح پر ایس پی ایس معاہدے کے نوٹیفکیشن کی ضروریات کے اطلاق کی ذمہ دار ہے۔

### National Plant Protection Organization (NPPO)

### قومی ادارہ برائے تحفظ نباتات

یہ وہ حکومتی خدمات ہیں جو کوئی بھی حکومت بین الاقوامی کنونشن برائے تحفظ نباتات میں مخصوص ذمہ داریوں کی انجام دہی کے لیے قائم کرتی ہے۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

### National Schedules

### قومی جدول

دیکھیے قومی محاصل

### National Tariffs (National Schedules)

### قومی محاصل (قومی جدول)

خدمات کے شعبے میں، گیٹ (GATT) سمجھوتے کے تحت محصول کے جدول، جن میں عالمی تجارتی تنظیم کے ارکان کی تسلیم شدہ یقین دہانیوں کا احاطہ کیا جاتا ہے چاہے یہ رضا کارانہ ہو یا مذاکرات کے ذریعے ہو۔ (ماخذ: ڈبلیو ٹی او)

### National Treatment

### قومی سلوک

دوسرے ملکوں کے عوام کے ساتھ اپنے ملک کے شہریوں جیسا سلوک کرنے کا اصول۔ گیٹ آرٹیکل ۳ کا تقاضہ ہے کہ کسٹمز سے پاس ہونے کے بعد درآمدی سامان کے ساتھ بھی وہی سلوک کیا جائے جو اسی نوعیت کے مقامی طور پر تیار کردہ سامان کے ساتھ کیا جائے۔ GATS آرٹیکل 17 اور TRIPS آرٹیکل 3 بھی خدمات اور حقوق دانش کے تحفظ کے لیے قومی سلوک کے بارے میں ہے۔

### Official Control

### سرکاری کنٹرول

لازمی نباتاتی حفظانِ صحت کے ضوابط اور اس کے طریقہء کار کے اطلاق پر فعال عمل

### Phytosanitary Measure (Measure)
### نباتاتی حفظانِ صحت کی تدابیر

کسی قسم کی قانون سازی،ضوابط کی تیاری یا سرکاری طریقہء کار جس کا مقصد قرنطینی ضرررساں جانداروں کے داخلہ اور پھیلاؤ کو روکنا ہو یا غیر قرنطینی ضرررساں جانداروں کے اقتصادی اَثرات کو محدود کرنا ہو۔(ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

### Plant Protection and Quarantine (PPQ)
### تحفظِ نباتات اور قرنطینہ

یہ ریاست متحدہ امریکہ کی زراعت اور قدرتی وسائل کو حیوانی اور نباتاتی ضرررساں جانداروں اور مضر جڑی بوٹیوں کے داخلے ، قیام اور پھیلاؤ سے تحفظ کے ساتھ ساتھ امریکہ کی زرعی مصنوعات کی تجارت اور برآمدات کو فروغ دیتا ہے۔

### Principle of Reduction and Binding of National Tariffs
### قومی محصول میں کمی اور پابندی کا اصول

رکن ممالک مخصوص قسم کی اشیاء کی درآمد پر زیادہ سے زیادہ سطح تک درآمدی محصول یا دیگر اخراجات یا پابندی لاگو کرنے کا وعدہ کرتے ہیں۔(ماخذ: ڈبلیوٹی او)

### Protective Measures
### تحفظ کی تدابیر

وہ اقتصادی پالیسی جس کے تحت مقامی طور پر پیدا کردہ اشیاء اور خدمات کے لیے مقابلے کو کم کرنے کے لئے قوموں کے درمیان تجارت کو قابو میں رکھا جاسکے۔

### Provisional Measure (Provisionally)
### عبوری تدبیر

نباتاتی حفظانِ صحت کے ضابطے یا طریقے جو مکمل تکنیکی جواز کے بغیر نا کافی معلومات کے باعث تشکیل دیئے جائیں۔کوئی بھی عبوری تدبیر جتنا جلد ممکن ہو سکے مدتی بنیادوں پر نظر ثانی اور تکنیکی جواز سے مشروط ہوتی ہے۔

### Provisionally
### عبوری (عارضی)

دیکھیے عبوری تدبیر

### Quantitative Restriction
### مقداری پابندیاں

کسی شے یا خدمت کی ایک تجارتی حد جو کسی ملک میں درآمد کی جاسکے۔ یہ پابندیاں اندرونِ ملک تیار کردہ اشیاء کی قیمتوں کو تحفظ دینے یا تجارتی خسارہ کم کرنے یا ختم کرنے کے لیے بار بار لاگو کی جاتی ہیں۔اسے تجارتی کوٹہ بھی کہتے ہیں۔

### Quarantine Pest
### قرنطینی ضرررساں جاندار

ممکنہ معاشی اہمیت کا حامل وہ ضرررساں جاندار جو کہ علاقے میں موجود نہ ہو یا موجود تو ہو لیکن زیادہ پھیلا ہوا نہ ہو اور سرکاری طور پر کنٹرول کیا جا رہا ہو۔(ماخذ: آئی ایس پی ایم۔۵)

### Quota
### کوٹہ

ایک حکومتی طور پر مقدار پر یا غیر معمولی معاملات میں سامان یا خدمات کی قدر و قیمت پر جو کہ درآمد یا برآمد کی جا رہی ہوں۔ایک مخصوص مدت کے لیے عائد کی گئی حد۔

### Regionalization
### علاقائی بنانے کا عمل

اس بات کا تسلیم کرنا کہ فلاں برآمدی خطہ (ملک کا حصہ یا سرحدی پٹی) بیماریوں یا ضرررساں جانداروں سے پاک ہے یا وہاں اس کے اثرات کم ہیں۔(ماخذ: ڈبلیوٹی او)

### Regulated Non-Quarantine Pest
### ضبط شدہ غیر قرنطینی ضرررساں جاندار

ایک غیر قرنطینی ضرررساں جاندار جس کی اُگائے جانے والے پودوں پر موجودگی اُن پودوں کے استعمال پر (ان کو معاشی طور پر نا قابل قبول بناتے ہوئے) اثر انداز ہوتی ہے۔اور جن کو درآمد کنندہ فریق کے علاقے میں ہی قابو کیا جاتا ہے۔

### Rule of National Treatment
### قومی سلوک کے ضوابط

دیکھیے قومی سلوک

### Scientific Commission
### سائنسی کمیشن (وفد)

یہ کمیشن بیماریوں سے بچاؤ اور کنٹرول کے لیے موزوں ترین حکمت عملی اور اقدامات کی نشاندہی کرنے میں اعانت کرتا ہے۔

سیکرٹریٹ آئی ایس ایم پی کا مسودہ بین الاقوامی کنونشن برائے نباتاتی حفظانِ صحت کے آن لائن نظامِ رائے دہی پر پوسٹ کر دیتا ہے اور مسودہ ایک خاص مدت تک اہم تشویش پر تاثرات کے لیے موجود ہوتا ہے۔

## Tariffs
## نرخ نامہ، محاصل

تجارتی درآمدات پر محصول عام طور پر محصول بحساب قیمت (قیمت کی شرح فیصد) سے یا مخصوص بنیاد (مثلاً 100 کلوگرام پر 7 ڈالر) پر عائد کی جاتی ہے۔ محصول سے اسی نوعیت کی مقامی طور پر تیار کردہ اشیاء کو زیادہ قیمت سے فائدہ پہنچتا ہے اور حکومت کی آمدنی میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ (ماخذ: ڈبلیوٹی او)

## Technical Assistance
## تکنیکی معاونت

ڈبلیوٹی او کی تجارت سے متعلق تکنیکی معاونت (ٹی آر ٹی اے) کی سرگرمیاں اور پروگرامز مستفید ممالک میں پائیدار تجارت کی لئے استعدادی تعمیر کے لئے تیار کیے گئے ہیں۔ (ماخذ: ڈبلیوٹی او)

## Technical Barriers to Trade Agreement (TBT)
## تجارتی معاہدے میں تکنیکی رکاوٹیں

ایسے ضابطے، معیارات، جانچ اور تصدیق کے طریقہء کار جو تجارت میں رکاوٹ ڈال سکیں۔ ڈبلیو ٹی او کے ٹی بی ٹی معاہدے کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ یہ غیر ضروری رکاوٹیں پیدا نہ کی جائیں۔ (ماخذ: ڈبلیوٹی او)

## Technically Justified
## تکنیکی جواز

ایک موزوں ضرر رساں جانداروں کے خطرات کے تجزیے کے ذریعے حاصل ہونے والے نتائج یا جہاں قابل اطلاق ہو، دستیاب سائنسی معلومات کے تقابلی جائزے اور تشخیص کی بنیاد پر جواز۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم ۵)

## Trade Barriers
## تجارتی رکاوٹیں

قوموں کے درمیان تجارت پر حکومت کی طرف سے کسی بھی تعداد میں لگائی جانے والی رکاوٹیں۔ رعائتیں، محصول، کوٹہ، ڈیوٹیز اور پابندیاں سب سے زیادہ عام قسم کی تجارتی رکاوٹیں ہیں۔

## Specialist Commissions
## خصوصی ماہر کمیشنز

یہ کمیشن موجودہ سائنسی معلومات کو استعمال کرتے ہوئے وبائی امراض اور ان سے بچاؤ اور حیوانات میں بیماریوں کی روک تھام کے مسائل کا مطالعہ کرتے ہیں، او آئی ای کے عالمی معیارات کی تشکیل اور اُن پر نظرثانی کرنے اور رکن ملکوں کی جانب سے اٹھائے گئے سائنسی اور تکنیکی مسائل حل کرنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

## SPS Committee
## ایس پی ایس کمیٹی

یہ ایس پی ایس سمجھوتے پر عمل درآمد کی نگرانی کرتی ہے۔

## Standards Committee (SC)
## معیارات کمیٹی

یہ کمیٹی IPPC کے معیارات کے تعین کے طریقہء کار کی نگرانی، نباتاتی حفظانِ صحت کے اقدامات کے بین الاقوامی معیارات کی ترقی کا انتظام کرنے کی ذمہ دار ہے۔ اور تکنیکی گروہ اور ماہرین پر مشتمل کام کرنے والے گروپوں کے کام کے لیے رہنمائی اور اپنی رائے فراہم کرتی ہے۔

## Committee Working Group (SC-7)
## معیارات کمیٹی کا کام کرنے والا گروپ نمبر ے

یہ ورکنگ گروپ ISPM کے مسودات اور تفصیلات پر تفصیلی غور وفکر کرتے ہوئے معیارات کی کمیٹی کے کام میں معاونت کرتی ہے۔

## Subsidy
## رعایت

عام طور پر دو طرح کی رعائتیں ہوتی ہیں۔ ایک برآمدی اور دوسری داخلی۔ برآمد پر رعایت کسی بھی فرم کو عطا کی گیا ایک فائدہ ہے جو کہ حکومت کی جانب سے برآمد بڑھانے کے لیے دیا جاتا ہے۔ داخلی طور پر دی جانے والی رعایت ایک فائدہ ہے جو کہ براہ راست برآمدات سے منسلک نہیں ہوتا۔ (ماخذ؛ ڈبلیوٹی او)

## Substantial Concerns Commenting Period (SCCP)
## اہم تشویش پر تاثراتی مدت

جب SC-7 یا TP کسی ISPM مسودہ کو معیارات کی کمیٹی کو پیش کرتی ہے، تو

## Trade Liberalization
### آزادانہ تجارت
قوموں کے درمیان اشیاء کے آزادانہ تبادلے میں حائل پابندیوں یا رکاوٹوں کا خاتمہ یا کمی۔ اس میں کوٹے کی طرح شرح محاصل اور غیر شرح محاصل دونوں طرح کی رکاوٹوں کا خاتمہ یا کمی شامل ہے۔

## Transparency
### شفافیت
بین الاقوامی سطح پر، نباتاتی حفظانِ صحت کی تدابیر اور ان کے مناطق کی دستیابی کا اصول۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم۔۵)

## Treatment
### علاج
ضرررساں جانداروں کو مارنے، غیر متحرک بنانے، کمزور کرنے یا ختم کرنے یا ضرررساں جانداروں میں افزائش کی صلاحیت کے خاتمے کا سرکاری طریقہ کار۔ (ماخذ: آئی ایس پی ایم۔۵)

## United States Department of Agriculture (USDA)
### امریکی محکمہ زراعت
یہ امریکی زرعی معیشت کو معاونت فراہم کرتا ہے، دیہی آبادیوں کو مضبوط بناتا ہے، اور قدرتی وسائل کو بچاتا اور محفوظ بناتا ہے اور امریکی عوام کے لیے محفوظ، کثیر اور غذائیت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بناتا ہے۔ (ماخذ: یوایس ڈی اے)

## United States Trade Representative (USTR)
### امریکی تجارتی نمائندہ
براہ راست غیر ملکی حکومتوں کے ساتھ مذاکرات کے ذریعے تجارتی معاہدے تشکیل دیتا ہے، تنازعات حل کرتا ہے اور عالمی تجارتی پالیسی ساز اداروں میں شرکت کرتا ہے۔ یہ حکومتوں، کاروباری گروپوں، قانون سازوں اور عوامی مفاد کے گروپوں سے تجارتی مسائل پر اُن کی آراء اکھٹی کرتا ہے اور امریکی صدر کی تجارتی پالیسی پوزیشنز پر بات چیت کرتا ہے۔

## Uruguay Round
### یوراگوئے راؤنڈ
1986 میں یوراگوئے کے شہر Punta del Este میں کثیر فریقی تجارتی مذاکرات کا آغاز ہوا اور دسمبر 1993 میں جنیوا میں یہ تجارتی مذاکرات ختم ہوئے۔ اپریل 1994 میں مراکش کے شہر مرّاکیش میں وزراء نے دستخط کیئے۔ (ماخذ: ڈبلیوٹی او)

## World Health Organization (WHO)
### عالمی ادارہ صحت
اقوام متحدہ کے نظام کے تحت صحت کی راہیں متعین کرنے اور مربوط کرنے والی اتھارٹی۔ یہ عالمی صحت کے معاملات پر قیادت فراہم کرنے، صحت کے تحقیقی ایجنڈے کی تشکیل کرنا، معیارات اور روایات کا تعین کرنا، شہادتوں کی بنیاد پر پالیسی اختیارات کی ترویج، ممالک کو تکنیکی معاونت فراہم کرنا اور صحت کے رجحانات کی نگرانی اور جائزہ لینے کا ذمہ دار ہے۔

## (World Organization for Animal Health (OIE)
### عالمی تنظیم برائے صحت حیوانات
بین الحکومتی ادارہ جو دنیا بھر میں صحت حیوانات کی بہتری کا ذمہ دار ہے۔ (ماخذ: او آئی ای)

## World Trade Organization (WTO)
### عالمی تجارتی تنظیم (ڈبلیوٹی او)
ڈبلیوٹی او واحد عالمی بین الاقوامی تنظیم ہے جو قوموں کے درمیان تجارت کے قواعد و ضوابط کو دیکھتی ہے۔ اسکی اہمیت کا باعث ڈبلیوٹی او کے معاہدے ہیں جن پر دنیا کی بیشتر تجارتی قوموں نے مذاکرات اور دستخط کئے ہیں اور انکی پارلیمنٹس نے انکی توثیق کی ہے۔ اس کا مقصد اشیاء اور خدمات کے پیدا کنندگان، برآمد کنندگان اور درآمد کنندگان کو اُن کے کاروبار میں مدد دینا ہے۔ (ماخذ: ڈبلیوٹی او)

## WTO Secretariat
### ڈبلیوٹی او سیکرٹریٹ
انتہائی قابل افراد پر مشتمل کثیر الثقافتی ٹیم جو عالمی تجارتی تنظیم کی رکن حکومتوں کو ان تمام سرگرمیوں کے لیے جو ڈبلیوٹی او کے دائرہ اختیار میں ہیں، آزادانہ مدد فراہم کرتی ہے۔ (ماخذ: ڈبلیوٹی او)